© rasailojaraid.com

# دینی مدارس کی رجسٹریشن پر عائد پابندی ختم کرنے سے متعلق

وزارت داخلہ کے خط محررہ 1-6-04 کے بعد وزارت داخلہ نے مورخہ 15-6-04 کو ایک اور خط صوبائی حکومتوں کو ارسال کر دیا جس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا تھا کہ پابندی ختم کرنے کا عمل مشروط ہوگیا ہے۔ اور اس خط کے بعد صوبائی سطح پر رجسٹریشن کا عمل رک گیا۔ اس سلسلہ میں صوبائی حکومتوں سے رابطہ کا پروگرام بنایا گیا۔ پہلے مرحلہ میں جناب محمد اکرم درانی صاحب وزیر اعلیٰ سرحد سے ملاقات ہوئی۔ گفت و شنید کے بعد موصوف نے تسلیم کیا کہ اس خط میں مدارس کی رجسٹریشن میں رکاوٹ کا کوئی پہلو نہیں ہے۔ لہذا انہوں نے اپنے صوبے کے متعلقین کو رجسٹریشن کے معاملات جلد نمٹانے کی ہدایات فرما دیں۔

دوسرے مرحلے پر جناب چوہدری پرویز الٰہی صاحب وزیر اعلیٰ پنجاب سے ملاقات ہوئی۔ موصوف نے بھی اپنے صوبے کے متعلقہ DCO صاحبان کو خط جاری فرما دیا۔

ہم دونوں حضرات کے تعاون کے بے حد شکر گذار ہیں۔ اور ان صوبوں کے متعلقہ حضرات سے درخواست کرتے ہیں کہ دینی مدارس کی رجسٹریشن کے معاملات کو جلد نمٹا دیں۔ امید کرتے ہیں کہ صوبہ سندھ اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ صاحبان بھی دینی مدارس کی پریشانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے اپنے صوبے کے متعلقین کو دینی مدارس کی رجسٹریشن کے معاملات جلد از جلد نمٹانے کی تاکید فرمائیں گے۔

**No.DS(COORD)/CMS/04/OT-47/53828**

**Chief Minister`s Secretariat Punjab**

**Dated: October 2004**

Subject: **LIFTING OF BAN ON THE REGISTRATION OF DEENI MADARIS IN THE COUNTRY**

Please find enclosed a copy of a letter dated 21.10.2004, endorsed by Mr. Muhammad Hanif Jalandhari to Chief Minister, Punjab, pertaining to lifting of the ban on the registration of new Madaris in the province, in accordance with Ministry of Interior, Government of Pakistan`s Notification No.4/30/94-Poll. I(2), dated 1st June, 2004 (Copy enclosed).

2. Chief Minister has desired that all DCOs may be instructed to allow registration of new Madaris in accordance with the parameters laid down by the Ministry of Interior, Government of Pakistan`s Notification No.1/1/2004-NCMC (R&A), Dated 15th June, 2004 (copy enclosed). Chief Minister has further desired that all such pending cases may be disposed of within one month.

3. Further necessary action may be taken accordingly, under intimation to this Secretariat.

(G.M. SIKANDER)
Principal Secretary to
Chief Minister

نمبر ڈی ایس (سی او او ار ڈی) سی ایم ایس/۰۴/ او ٹی-53828/47

وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ پنجاب　　مورخہ: اکتوبر 2004ء

عنوان: ملک میں دینی مدارس کی رجسٹریشن پر پابندی اٹھانا

قاری محمد حنیف جالندھری کی طرف سے مرسلہ چٹھی بنام وزیر اعلیٰ محررہ 21 اکتوبر 2004ء متعلقہ نئے مدارس کی رجسٹریشن پر صوبے میں پابندی اٹھانا بابت وزارت داخلہ حکومت پاکستان نوٹیفکیشن نمبر I-Poll-94/30/4(2) مورخہ یکم جون 2004ء (نقل منسلک ہے)

2۔ جناب وزیر اعلیٰ پنجاب چاہتے ہیں کہ تمام DCO`s کو ہدایت کی جائے کہ تمام نئے مدارس کو رجسٹریشن کی اجازت وزارت داخلہ حکومت پاکستان کے نوٹیفکیشن نمبر (R&A)NCMS-2004/1/1 مورخہ 15 جون 2004ء (کاپی لف ہذا ہے) میں درج حدود کے مطابق دی جائے۔ جناب وزیر اعلیٰ پنجاب مزید یہ چاہتے ہیں کہ ایسے تمام رکے ہوئے معاملات کو ایک ماہ کے اندر مکمل کر لیا جائے۔

3۔ مزید ضروری عمل اس کے مطابق اور اس سیکرٹریٹ کو مطلع کر کے لیا جائے۔

دستخط شد: جی ایم سکندر (پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ پنجاب)

© rasailojaraid.com